اردو

206

درجہ دہم

1۔	ہندوستانی تہذیب کے عناصر	مضمون	احتشام حسین
2۔	اخبار بینی	انشائیہ	کنھیالال کپور
3۔	اردو ہماری زبان	مضمون	گوپی چند نارنگ
4۔	بھارت ماتا	نظم	جمیل مظہری
5۔	عقل کے دشمن	لوک کہانی	
6۔	پورے چاند کی رات	افسانہ	کرشن چندر
7۔	کبیر	مضمون	عتیق اللہ
8۔	غالب کا ایک خط	خط	
9۔	ایک آرزو	نظم	ڈاکٹر اقبالؔ
10۔	اے شریف انسانو!	نظم	ساحرؔ لدھیانوی
11۔	ترانہ وطن	نظم	کنول ڈبائیوی
12۔	زمین کچھ کم ہے	غزل	شہریار

اردو

(206)

ٹیوٹر مارکڈ اسائنمنٹ (تفویض)

ہدایات: سبھی سوالات لازمی ہیں **کل نمبر:20**

سوال نمبر 1: درج ذیل میں سے صرف ایک سوال کا جواب 40 تا 60 الفاظ میں لکھیے ۔ 2

(i) آریہ قوم کے بارے میں چار جملے لکھیے ۔

(ii) 'تہذیب'' کی مختصر تعریف کیجیے۔

(iii) اسم صفت کسے کہتے ہیں؟ مثال دیجیے۔

(iv) طنز کا اصل مقصد کیا ہے؟

سوال نمبر 2: درج ذیل میں سے صرف ایک سوال کا جواب 40 تا 60 الفاظ میں لکھیے 2

(i) ہکاری آوازیں کیسے بنائی جاتی ہیں۔مثال دے کر سمجھائیے۔

(ii) 'فعل' کسے کہتے ہیں۔مثالیں دے کر واضح کیجیے۔

(iii) مصمتے اور مصوتے کیا ہوتے ہیں۔مثالیں دے کر سمجھائیے۔

(iv) لفظ 'رسم الخط' کن دو لفظوں سے مل کر بنا ہے اور اس کے کیا معنی ہیں؟

سوال نمبر 3: درج ذیل میں سے صرف ایک سوال کا جواب 40 تا 60 الفاظ میں لکھیے ۔ 2

(i) درج ذیل بیانات میں سے صحیح بیان پر (✓) اور غلط بیان پر (x) کا نشان لگائیے۔

1۔اردو ایک ایرانی زبان ہے۔

2۔اردو ایک ہندوستانی زبان ہے۔

3۔اردو اور ہندی میں کوئی رشتہ نہیں ہے۔

4۔اردو، عربی و فارسی سے نکلی ہے۔

(ii) اردو رسم الخط میں کتنے حرف ہیں۔ترتیب سے لکھیے ۔

(iii) چار ایسے مرکب الفاظ لکھیے جو اردو اور ہندی میں رائج ہیں۔

(iv) چار ایسے محاورے لکھیے جو اردو ہندی میں مشترک ہیں۔

سوال نمبر 4: آپ کی کتاب میں شامل نظم 'ایک آرزو' کے پہلے حصے، یعنی دنیا کی محفلوں سے...... کانٹا نکل گیا ہو، کی تشریح کیجیے۔اور درج ذیل سوالوں کے جواب لکھیے۔ 4

(الف) اس نظم میں شاعر نے اپنی کس آرزو کو بیان کیا ہے؟

(ب) شاعر کی تمنا کیا ہے۔اس نظم کو کس شاعر نے لکھا ہے؟

(ج) شاعر نے لفظ 'خاموشی' کو 'خامُشی' کیوں لکھا ہے؟

(د) نظم کے اس حصے میں کون سے محاورے استعمال کیے گئے ہیں، تلاش کر کے لکھیے۔

یا

درج ذیل سوالوں کے جواب اپنے الفاظ میں لکھیے۔

1۔ اپنے واطن کے بارے میں چند جملے لکھیے۔

2۔ نظم 'ترانہ وطن' میں ہندوستان کی خوبصورتی کو کس طرح بیان کیا گیا ہے؟

3۔ نظم 'ترانہ وطن' کس نے لکھی ہے، اور اس نے اپنے وطن سے کیا وعدہ کیا ہے؟

4۔ سب کو الفت کے مرکز............ میرے پیارے وطن۔
نظم کے اس بند کی تشریح کیجیے۔

یا

درج ذیل اشعار کا مطلب اور شاعر کا نام لکھیے۔

زندگی جیسی توقع تھی نہیں، کچھ کم ہے
ہر گھڑی ہوتا ہے احساس، کہیں کچھ کم ہے
اب جدھر دیکھیے لگتا ہے کہ اس دنیا میں
کہیں کچھ چیز زیادہ ہے، کہیں کچھ کم ہے

یا

نظم 'اے شریف انسانو!' کی روشنی میں درج ذیل سوالوں کے جواب لکھیے

1۔ دنیا میں امن کی ضرورت کیوں ہے؟

2۔ جنگ کے نقصانات تحریر کیجیے۔

3۔ آگ اور خون آج بخشے گی، بھوک اور احتیاج کل دے گی۔
اس شعر میں شاعر کیا کہنا چاہتا ہے؟

4۔ آخری دو اشعار میں شاعر نے کیا پیغام دیا ہے؟

سوال نمبر 5: درج ذیل سوال کے جواب 100 سے 150 الفاظ میں لکھیے ۔ 4

(i) کتاب میں دی گئی مضمون کی اقسام کو تفصیل سے لکھیے ۔

(ii) مضمون کے اجزائے ترکیبی تفصیل سے لکھیے اور بتائیے کہ مضمون کا خاکہ کیسے تیار کرتے ہیں ۔

3۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر 100 تا 150 الفاظ پر مشتمل مضمون لکھیے ۔اور مضمون کا خاکہ بھی بنائیے ۔

(i) 1914ء کا جنرل الیکشن ۔

(ii) چڑیا گھر کی سیر ۔

(iii) میری پسندیدہ شخصیت ۔

(iv) کرکٹ میچ

4۔ مضمون لکھتے وقت کن باتوں کا ذہن میں رکھنا ضروری ہے؟

یا

(i) سرکاری خطوط کی تعریف لکھیے ۔

(ii) سرکاری خطوط کی اقسام لکھیے ۔

(iii) سرکاری خطوط کے حصے لکھیے ۔

(iv) اردو کمپیوٹر سنٹر کھولنے کے لیے ایک سرکاری خط لکھیے ۔

سوال نمبر 6: **پروجیکٹ ورک** 6

سبق ''ہندوستانی تہذیب کے عناصر' کی روشنی میں مندرجہ ذیل سوالوں کے تفصیلی جواب لکھیے ۔

1۔ 'تہذیب' کی تعریف بیان کیجیے۔

2۔ آریہ قوم کی خصوصیات کیا ہیں؟

3۔ ویشنوی تحریک یا بھگتی تحریک نے کن چیزوں کی مخالفت کی، تمام مذاہب کی کون سی صداقتیں پیش کیں اور کیا پیغام دیا۔

4۔ ہندو مسلم اتحاد سے کن تہذیبی اداروں کو فروغ حاصل ہوا؟

5۔ مصنف کے خیال میں ہندوستان کی ملی جلی تہذیب کو کن بنیادوں پر قائم رکھا جا سکتا ہے؟

یا

لوک کہانی کسے کہتے ہیں؟ لوک کہانی اور عام کہانی میں کیا فرق ہے؟ لوک کہانی کی خصوصیات بیان کیجیے۔ چند لوک کہانیوں کے نام لکھیے، اور بتائیے کہ ان سے کیا سبق ملتا ہے۔ اپنی نانی یا دادی سے سنی ہوئی کوئی لوک کہانی لکھیے ۔

یا

سبق ''اردو ہماری زبان'' کی روشنی میں درج ذیل سوالوں کے جواب تقریباً 500 الفاظ پر مشتمل ایک پروجیکٹ تیار کیجیے۔

(1) مصنف نے اردو اور ہندی میں اٹوٹ رشتہ ہونے کے لیے کیا دلیلیں دی ہیں؟

(2) اردو اور ہندی کے مصوتے، مصمتے اور معکوسی آوازیں کون سی ہیں؟

(3) اردو اور ہندی کے اشتراک سے بننے والے کچھ محاورے تحریر کیجیے۔

(4) دس ایسے مرکبات لکھیے جو اردو اور ہندی میں رائج ہیں۔

(5) اردو، ہندوؤں اور مسلمانوں کے میل جول سے وجود میں آئی ہے۔

☆☆☆